SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
September 15, 2016

## ایس ای سی پی نے اگست میں چھ سو تیرہ کمپنیاں رجسٹر کیں

اسلام آباد 15 ستمبر: سیکورٹیزاینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اگست کے مہینے میں چھ سو تیرہ کمپنیاں رجسٹر کیں۔ رجسٹریشن کی یہ شرح گزشتہ سال کے اسی مہینے سے 51 فی صد زیادہ ہے۔ رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں نوے فی صد پرائیویٹ لمیٹڈ، چھ فی صد سنگل ممبر جبکہ باقی چار فی صد میں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسوسی ایشن، ٹریڈ آرگنائزیشن اور غیر ملکی کمپنیاں شامل ہیں۔

گزشتہ ماہ سب سے زیادہ کمپنیاں تجارت کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد 88 ہے، خدمات کے شعبے میں 77 ، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں 61 ، تعمیرات میں 59 ، سیاحت میں 48 ، ایندھن اور توانائی میں 25 ، کھانے پینے اور مشروبات میں 22 ، رئیل اسٹیٹ ڈولپمنٹ میں 21 ، تعلیم میں 17 ، ٹیکسٹائل میں 15 ، انجینرنگ میں 14 ، کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ، مواصلات، براڈکاسٹنگ میں 13 ، ٹرانسپورٹ میں 12 ، پاور جنریشن اور آٹو اور اس سے متعلقہ میں 11، 11 اور 7 بین الاقوامی کمپنیاں اسلام آباد اور لاہور میں رجسٹر ہوئیں۔

علاوہ ازیں، اگست کے مہینے میں 42 کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان سرمایہ کاروں کا تعلق افغانستان، آسٹریلیا، چین، جرمنی، ایران، جاپان، کویت، کرغستان، نیدرلینڈ، سنگاپور، تھائی لینڈ، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، اور امریکہ سے ہے۔ یہ سرمایہ کاری آٹو الائیڈ، تعمیرات، کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ، تعلیم، انجینرنگ، کھانے پینے و مشروبات، انفرمیشن ٹیکنالوجی، پاور جنریشن، خدمات، ٹرانسپورٹ اور تجارت کے شعبے میں ہوئی۔ ماہ اگست میں سب سے زیادہ رجسٹریشن، اسلام آباد کے کمپنی رجسٹریشن آفس میں ہوئی جہاں 204 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ 186 لاہور، 121 کراچی، پشاور میں 42 ، ملتان میں 29 ، فیصل آباد میں 18 ، کوئٹہ میں 8 اور سکھر میں 5 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254